22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	السیرۃ والفضائل	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشہادۃ العالیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ______________________________

نام طالبعلم: ____

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "شفاء شریف" فن کی کتاب ہے:

(الف) حدیث (ب) اصول حدیث (ج) سیرت وفضائل (د) اصول فقہ

2۔ آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے فضائل عطا فرمائے:

(الف) تمام قسم کے (ب) صرف اخروی (ج) صرف دنیاوی (د) صرف دینی

3۔ آپ ﷺ کی آنکھیں تھیں:

(الف) سیاہ (ب) کشادہ (ج) سیاہ وکشادہ (د) گلابی

4۔ فطری خصلتیں ہیں:

(الف) 5 (ب) 6 (ج) 10 (د) 11

5۔ غزوہ احد میں صحابی نے آپ ﷺ کا خون مبارک پی لیا تھا:

(الف) حضرت بلال نے (ب) حضرت سلمان فارسی نے (ج) حضرت مالک بن سنان نے (د) حضرت عبد اللہ نے

6۔ ضروریات زندگی کی کل اقسام ہیں:

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

7۔ معراج کی رات آپ ﷺ کو دو پیالوں میں پیش کیا گیا:

(الف) دودھ اور شراب (ب) دودھ اور پانی (ج) پانی اور شراب (د) دودھ اور سرکہ

8۔ شب معراج دوسرے آسمان پر اس نبی سے آپ ﷺ کی ملاقات ہوئی:

(الف) حضرت آدمؑ (ب) حضرت عیسیٰؑ (ج) حضرت یحییٰؑ (د) حضرت عیسیٰؑ اور یحییٰؑ دونوں سے

9۔ آپ ﷺ نے فرمایا! "میں بشارت ہوں":

(الف) حضرت عیسیٰؑ کی (ب) حضرت موسیٰؑ (ج) حضرت ابراہیمؑ (د) حضرت نوحؑ

10۔ حدیث کی رو سے حضرت آدمؑ کی کنیت تھی:

(الف) ابو محمد (ب) ابو البشر (ج) دونوں روایتیں ہیں (د) صرف ابو البشر

ورق الٹئے

11۔شب معراج چھٹے آسمان پر اس نبی سے ملاقات ہوئی:

(الف) حضرت موسیٰؑ (ب) حضرت عیسیٰؑ (ج) حضرت ابراہیمؑ (د) حضرت نوحؑ

12۔قوسین کا معنی ہے:

(الف) ایک کمان (ب) دو کمانیں (ج) تین کمانیں (د) چار کمانیں

13۔تورات میں آپ ﷺ کا لقب مذکور تھا:

(الف) رسول اللہ (ب) حبیب اللہ (ج) نبی اللہ (د) مزمل

14۔آقاؐ کو قیامت کے دن اس رنگ کا جوڑا پہنایا جائے گا:

(الف) سفید (ب) کالا (ج) سبز (د) سرخ

15۔آپ ﷺ کو دوسرے انبیاء پر فضیلت دینا ہے:

(الف) جائز (ب) حرام (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

16۔آپ ﷺ کی اتباع کرنا ہے:

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مستحب (د) مباح

17۔آپ ﷺ نے فرمایا! کہ "علم ہیں":

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

18۔رسول اللہ ﷺ کو اذیت دینے والا لعنت کا مستحق ہوتا ہے:

(الف) صرف دنیا میں (ب) صرف آخرت میں (ج) دنیا و آخرت دونوں میں (د) مستحق نہیں ہوتا

19۔گستاخ رسول کی سزا ہے:

(الف) قتل (ب) جرمانہ (ج) قید (د) قید اور جرمانہ

20۔گستاخ رسول کے کفر میں شک کرنے والا ہے:

(الف) کافر (ب) گناہ گار (ج) بدعتی (د) منافق

22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	السیرۃ والفضائل	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشھادۃ العالیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ______ رول نمبر (لفظوں میں): ______

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "الشفاء" کا مکمل نام تحریر کریں۔

2۔ "الشفاء" کے مصنف کا نام مع تاریخ وفات تحریر کریں۔

3۔ انسان میں جمال وکمال کی عادات کی کتنی اقسام ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

4۔ حسن خلق کن اعمال کا مجموعہ ہے؟ کوئی سے تین تحریر کریں۔

5۔ آپ ﷺ کے صفات وکمالات میں سے پانچ کے نام لکھیں۔

6۔ آپ ﷺ کی داڑھی مبارک کیسی تھی؟ تحریر کریں۔

7۔ "مروی عن امه آمنة انها قالت ولدته نظیفا مابه قذر" کا ترجمہ کریں۔

8۔ آپ ﷺ کی فصاحت وبلاغت کے بارے دو لائنیں لکھیں۔

9۔ آپ ﷺ کے جود وسخا کے بارے دو سطریں تحریر کریں۔

10۔ شب معراج جو فضائل آپ کو عطا ہوئے ان میں سے دو کے نام لکھیں۔

11۔ "سدرۃ المنتھی" کے بارے دو لائنیں لکھیں۔

12۔ "سدرۃ المنتھی" کی جڑ سے کتنی نہریں جاری ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ معراج کے بارے میں قرآنی آیت یا ترجمہ لکھیں۔

2۔ "ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى" کا ترجمہ کریں۔

3۔ "محمد تقی مصلح و سید أمین" کا ترجمہ کریں۔

4۔ شب معراج آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا؟ اس کی ایک دلیل تحریر کریں۔

5۔ وحی الٰہی کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟ تحریر کریں۔

6۔ خلت کا بلند درجہ ہے یا محبت کا؟ اس بارے جمہور کا کیا موقف ہے؟

7۔ مقام محمود سے کیا مراد ہے؟

8۔ "لواء الحمد" سے کیا مراد ہے؟

9۔ آقا ﷺ کے اسماء گرامی میں سے پانچ تحریر کریں۔

10۔ آپ ﷺ کی اتباع واجب ہے اس بارے کوئی ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیں۔

11۔ "فمن رغب عن سنتی فلیس منی" کا ترجمہ لکھیں۔

12۔ آپ ﷺ کی محبت کا کیا اجر ہے؟ ایک حدیث شریف لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. (الف) قاضی عیاضؒ کے حالات زندگی تحریر فرمائیں۔

(ب) شفاء شریف کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر مگر جامع نوٹ لکھیں۔

ii. "قالت عائشہ رضی اللہ عنہا: ما رأیت رسول اللہ ﷺ منتصرا من مظلمة ظلمها قط مالم تکن حرمة من محارم اللہ وما ضرب بیده شیئا قط إلا أن یجاھد فی سبیل اللہ"

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) آپ ﷺ کی بردباری اور حلم پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔

ورق الٹئے

iii. احادیث مبارکہ کی روشنی میں آپ ﷺ کی قدر و منزلت پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. (الف) آپ ﷺ کی معراج جسمانی تھی یا روحانی؟ اپنا موقف مدلل اور مفصل تحریر کریں۔

(ب) اس بارے میں کل کتنے اور کون کون سے مواقف ہیں قدرے تفصیل سے لکھیں۔

ii. "عن أنس رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أنا أول الناس خروجا إذا بعثوا و أنا خطيبهم إذا وفدوا و أنا مبشرهم إذا أيسوا لواء الحمد بيدي و أنا أكرم ولد آدم على ربي ولا فخر"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) آپ ﷺ بروز قیامت خصوصی اعزاز و اکرام سے نوازے جائیں گے اس پر مفصل اور مدلل نوٹ تحریر کریں۔

iii. قرآن و حدیث کی روشنی میں گستاخ رسول کی مذمت اور واجب القتل ہونے پر ایک مدلل اور مفصل نوٹ تحریر کریں۔